ٹیکسـٹائل ایشیـا 2025 کـا لاہـور میں

آغاز؛ 15 ممالک کی شرکت

لاہور (نمائندہ، سمیرا ملک) جنوبی ایشیا کی سب سے بڑی ٹیکسـٹائل نمـائش ٹیکسـٹائل ایشیـا 2025 لاہـور ایکسـپو سینٹر میں شروع ہو گئی۔ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے تحت منعقدہ تین روزہ بین الاقوامی نمائش 22 سے 24 نومبر تک جاری رہے گی، جس کا مقصد پاکستانی ٹیکسٹائل صنعت کو جدید ٹیکنالوجی، ویلیو ایڈیشن اور ڈیجیٹل اپ گریڈیشن سے ہم آہنگ کرنا ہے۔

افتتاحی روز وفاقی و صوبائی وزراء، صنعت کاروں اور بین الاقوامی وفود کی شرکت ہوئی۔ نمائش میں چین، ترکی، جرمنی، اٹلی، جاپان، کوریا، امریکا اور فرانس سمیت 15 سـے زائـد ممـالک کے نمائنـدے شریـک ہیں، جبکہ جدیـد مشینری، اسمارٹ سسٹمز اور ویلیو ایڈڈ ٹیکنالوجی کے اسٹالز توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔

پہلے روز ایکو ٹیکسٹائل کانفرنس 2.0 ذمہ دار ٹیکسٹائل شفٹ کے عنوان سے منعقد ہوئی، جبکہ 24 نومبر کو ٹیکنالوجی برائے ویلیو ایڈیشن کے موضوع پر خصوصی سیشن ہوگا، جس میں عالمی ماہرین سرکلر اکانومی، تجدید پذیر توانائی اور ڈیجیٹل اصلاحات پر پالیسی سفارشات پیش کریں گے۔